# 24-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاستی وزیر کھیل وحیوانات واکیٹی سری ہری نے کہا کہ ریاستی حکومت ریاست میں مندروں کی ترقی کے لیےان کے تقدس کو برقرار رکھنے کے لیے جامع پالیسیاں اپنا رہی ہے۔

۲۔ بی آر ایس کے کارگزار صدر کے تارکا راما راؤ نے مطالبہ کیا کہ بی آر ایس پارٹی سے منحرف ہوکر کانگریس پارٹی میں آنے والے ایم ایل اے مستعفی ہو جائیں اور ضمنی انتخابات جیتیں۔

۳۔ تلنگانہ حکومت نے اعلان کیا ہے کہ وہ مسافروں کو مختلف قسم کی بسوں میں رعایت فراہم کر رہی ہے۔10 سے 15 فیصد تک رعایت۔

۴۔ بنگال میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ایک اور کم ہوا کے دباؤ کی وجہ سے بارش ہونے کا امکان ہے۔

Vakiti srihari

ریاستی وزیر کھیل وحیوانات واکیٹی سری ہری نے کہا کہ ریاستی حکومت ریاست میں مندروں کی ترقی کے لیے ان کے تقدس کو برقرار رکھنے کے لیے جامع پالیسیاں اپنا رہی ہے۔انہوں نے نارائن پیٹ ضلع کے مکتھل میں قدیم سری پڑمٹی انجنی سوامی مندر کی تعمیر نو اور ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا۔انہوں نے کہا کہ ایک بھرپور تاریخ رکھنے والے اس مندر کو شان وشوکت فراہم کرنے کی کوشش کی جائے گی۔انہوں نے یہ بھی انکشاف کیا کہ حکومت نے ریاست بھر میں قدیم مندروں کو بحال کرنے کا عزم کیا ہے۔

Solar power

جنگاؤں ضلع کے کلکٹر رضوان باشا شیخ نے کہا کہ حکومت کا مقصد ریاست کو ماحولیاتی تحفظ اور کم دیکھ بھال کی لاگت کے طویل مدتی فوائد کے ساتھ شمسی توانائی کے استعمال میں ایک رہنما بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا اسکیم کے ذریعہ سبسڈی کی بنیاد پر گھروں میں چھتوں پر سولر پلانٹ لگائے جاسکتے ہیں۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت گاؤں کی پنچایت عمارتوں سے لے کر کلکٹریٹس تک تمام سرکاری دفاتر

میں سولر پاور پلانٹس لگانے اور بڑے پیمانے پر شمسی توانائی پیدا کرنے کا پروگرام بنا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جنگاؤں ضلع میں 1248 سرکاری عمارتوں میں سولر پاور پلانٹس کے قیام کا تخمینہ لگایا گیا ہے اور 43.58 میگاواٹ شمسی توانائی پیدا کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

Suravaram Sudhakar

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا کہ سوراورم سدھاکر ریڈی کی موت تلنگانہ کیلئے ایک بہت بڑا نقصان ہے اور ایک پرعزم اور ایماندار کمیونسٹ جہدکار کے طور پر ان کی شہرت ہمیشہ قائم رہے گی۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ انہوں نے معاشرے کے کمزور طبقوں کے لئے غیر سمجھوتہ کرنے والی نظریاتی لڑائی لڑی اور غریب لوگوں کے قریبی رشتہ دار کے طور پر ہر کسی کی پذیرائی حاصل کی۔چیف منسٹر نے آج مخدوم بھون میں سدھاکر ریڈی کے جسد خاکی کو خراج عقیدت پیش کیا۔انہوں نے وضاحت کی کہ سوراورم سدھاکر ریڈی کا نام ہمیشہ باقی رہنے کو یقینی بنانے کیلئے کابینہ میں بحث کی جائے گی اور مناسب فیصلہ لیا جائے گا۔

Harish Rao

سابق وزیر اور بی آر ایس رکن اسمبلی ہریش راؤ نے حکومت پر صحت عامہ کے تحفظ کے تئیں لاپرواہی کا رویہ اپنانے کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ ریاست میں صاف صفائی کا مکمل فقدان ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ محکمہ صحت فوری طور پر اس مسئلہ پر توجہ دے کیونکہ ریاست بھر کے کئی دیہاتوں میں لوگ وائرل اور ڈینگو بخار میں مبتلا ہیں۔ہریش راؤ نے اپوزیشن پر لگاتار تنقید کرتے ہوئے کہا کہ چیف منسٹر اہم مسائل کے تئیں لاتعلق رویہ اپنائے ہوئے ہیں۔انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ فوری طور پر صاف صفائی اور صحت عامہ کے مسائل کا جائزہ لے۔

Sound Byte.

KTR:

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے تارکا راما راؤ نے مطالبہ کیا کہ بی آر ایس پارٹی سے منحرف ہوکر کانگریس پارٹی میں آنے والے ایم ایل اے مستعفی ہوجائیں اور ضمنی انتخابات جیتیں۔ انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی کو پارٹی بدلنے والے ایم ایل ایز کو استعفیٰ دلوا کر ضمنی انتخابات میں جانے کی ہمت نہیں ہے اور یہ کہ ریاست میں ترقی مکمل طور پر رک گئی ہے۔ نیز، تارکا راما راؤ نے کانگریس حکومت پر الزام لگایا کہ وہ ہائیڈرا کے نام پر غیر ضروری انہدامی کارروائی کر کے دونوں شہروں کی ترقی کو ناممکن بنا رہی ہے۔

Rajanna Sircilla

سرسلہ ضلع کے ویملواڑہ رورول منڈل کی زرعی آفیسر انیتا نے کہا کہ کسان کم یوریا استعمال کرتے ہوئے اسی طرح کاشتکاری کے اخراجات کو کم کریں۔ انہوں نے بتایا کہ یوریا کا حد سے زیادہ استعمال زمین کی زرخیزی کو کم کرتا ہے، فصلوں کی نشو ونما متاثر ہوتی ہے اور ماحولیاتی آلودگی بھی بڑھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یوریا کے ساتھ ساتھ دیگر متوازن کھادوں کا استعمال بھی ضروری ہے تاکہ زمین کی زرخیزی برقرار رہے اور فصلوں کی بہتر پیداوار ممکن ہوسکے۔

Sound Byte.

Khairatabad Ganesh

حیدرآباد میں ایستادہ کئے جانے والے مشہور گنیش کی مورتی کو جاریہ سال پرکشش انداز میں تیار کیا گیا ہے۔ اس بار 'سری وِشوا شانتی مہا گنیش' کے طور پر 69 فٹ اور 28 فٹ چوڑی برہما وشنو مہیشوری کی تری شکتی کی شکل میں گنیش مورتی تیار کی گئی ہے۔ جاریہ ماہ 27 تاریخ کو ونائک چترو تی کے دن مورتی کو ایستادہ کیا جائے گا۔

IT Employees

حیدرآباد میں مائنڈ اسپیس جنکشن سے کے پی ایچ بی تک اور ہائی ٹیک سٹی ریلوے اسٹیشن سے نیوکوتہ گوڑہ جنکشن تک بارش کی وجہ سے سڑکیں خستہ حال ہوچکی ہیں۔ آئی ٹی ایمپلائز یونین نے ریاستی حکومت سے فوری

طور پر ان کی مرمت کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔ یونین کے لیڈروں نے کہا کہ مرمت اور سڑک کی توسیع کرنے سے ٹرافک مسائل میں کافی کمی آئے گی۔

Comiccon

حیدرآباد میں کامیک کان پروگرام کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں 31 اکتوبر سے 2 نومبر تک خصوصی پروگرام ترتیب دئے گئے ہیں۔ منتظمین نے بتایا کہ اس موقع پر مختلف کامیڈی شو اسٹیج پر پرفارم کئے جائیں گے۔ اس شو میں حصہ لینے کے خواہشمند افراد کو آن لائن درخواست داخل کرنا ہوگا اور مظاہرہ وفن کی بنیاد پر درخواست گزاروں کا انتخاب کیا جائے گا۔

Warangal Police Commissioner

ورنگل پولیس کمشنر سن پریت سنگھ نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں ریگنگ کو سنگین جرم تصور کیا جائے گا اور ایسے لوگوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور انہیں تعلیمی اداروں سے نکال دیا جائے گا۔ پولیس کمشنر نے واضح کیا کہ ریگنگ کے ذریعہ طلباء کا مستقبل خطرے میں پڑ سکتا ہے۔ اگر ریگنگ کے نام پر سماج دشمن سرگرمیوں کا ارتکاب کیا گیا تو ایسے طلباء کی مستقبل کی تعلیم اور روزگار کے مواقع پر سنگین اثرات مرتب ہوں گے۔

Tirumala

ترملا کے عقیدت مندوں کے لئے نومبر ماہ کے تعلق سے خصوصی داخلے کے درشن ٹکٹ کل صبح 10 بجے جاری کیے جائیں گے۔ نیز رہائش کے کمروں کی بکنگ کل سہ پہر 3 بجے جاری کی جائے گی۔

Jalamandali

حیدرآباد واٹر بورڈ کے ایم ڈی اشوک ریڈی نے کہا کہ وہ عوامی شکایات کو جلد حل کرنے کے لئے آرٹیفیشل انٹلیجنس کا استعمال کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ ان مسائل کا تجزیہ کررہے ہیں جو سب سے زیادہ مسائل پیدا کررہے ہیں اور جن علاقوں سے سب سے زیادہ شکایات درج ہورہی ہیں۔

Income Tax

کرناٹک مالی سال 2024-25 میں انکم ٹیکس ادا کرنے والوں کی سب سے زیادہ فیصد کے ساتھ ملک کی ٹاپ ٹین ریاستوں میں سرفہرست ہے۔ تلنگانہ دوسرے نمبر پر ہے۔ اس کے بعد جھارکھنڈ، تمل ناڈو، دہلی، پڈوچیری، اوڈیشہ، مہاراشٹر، آندھراپردیش اوراتراکھنڈ کا نمبر آتا ہے۔ 12 لاکھ سے 50 لاکھ روپے سالانہ آمدنی والے انکم ٹیکس دہندگان کے ڈیٹا پر غور کیا گیا ہے۔

RTC Discount

تلنگانہ حکومت نے اعلان کیا ہے کہ وہ مسافروں کو مختلف قسم کی بسوں میں رعایت فراہم کررہی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ لہری اورنان اے سی اور سوپر لگژری بسوں میں 15 فیصد، لہری اے سی اور راجدھانی اے سی بسوں میں چارجس پر 10 فیصد ڈسکانٹ دیا جائے گا۔

NAALA

حائیڈرا کمشنر کے وی رنگناتھ نے سکندرآباد کے پیٹنی نالہ کے توسیعی کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ ایک ماہ کے اندر نالہ کی ریٹیننگ وال کی تعمیر مکمل کریں۔ انہوں نے بتایا کہ اس نالے کا کام مکمل ہونے سے سات کالونیوں کو سیلاب کے خطرے سے نجات مل جائے گی۔

Add suravaram sudhakar reddy

آپ کو یہ بتادیں کہ آج شام حیدرآباد کے حمایت نگر کے مخدوم بھون سے سدھاکرریڈی کی انتم یاترا کا آغاز ہوا۔ یہ یاترا گاندھی ہسپتال تک جاری رہی۔ افرادِخاندان نے سدھاکر کی جسدخاکی کو میڈیکل طلبہ کے تجربہ کیلئے گاندھی ہاسپٹل کے حوالے کیا۔

Weather

خلیج بنگال میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ایک اور کم ہوا کے دباؤ کی وجہ سے بارش ہونے کا امکان ہے۔ اِس کی اطلاع محکمہ موسمیات نے دی۔ جس کی وجہ سے تلنگانہ کے بعض علاقوں میں ہلکی اور تیز بارش کی پیش قیاسی کی جارہی ہے۔ حیدرآباد کے بعض علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے مشترکہ عادل آباد، بھوپالا پلی، ملگو اور بھدرادری کوتہ گوڑم اضلاع کے بعض علاقوں میں ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے۔

☆☆